قرآنی رسم الخط یعنی رسم عثمانی

RASM

قرآن مجید کا رسم الخط توقیفی اور سماعی ہے۔

INTRO & BASIC THEORY

دونوں طرح پڑھا جا سکے۔ اگر عہد عثمانی میں قرآن یوں لکھا جاتا کہ ایک قراءت اس میں پڑھی جا سکتی اور دوسری ساقط ہو جاتی تو یہ بذات خود جائز بھی نہ تھا اور اس سے قرأت کا جھگڑا کبھی ختم نہ ہوتا جس نے حضرت عثمان کو جمع قرآن پر مجبور کیا بلکہ وہ مزید گہرا ہو جاتا۔


قرآن اور حاملین قرآن
فضائل قرآن و حفاظ قرآن اور عظمت قرآء و فضلاء کرام پر
ایک بے مثال و لاجواب و باکمال کتاب
حضرت مولانا مفتی غلام حسن قادری
نوریہ رضویہ پبلیکیشنز

توقیفی انداز کتابت

اسی لئے ہمارا عقیدہ ہے کہ قرآن کریم کا انداز کتابت توقیفی ہے اور عام عربی رسم الخط سے ہٹ کر ہے مثلاً قرآن میں عموماً ''الصالحات'' کو یوں لکھا جاتا ہے ''الصّٰلِحٰتِ''، ''یُحیِیْ'' کو یوں لکھا جاتا ہے ''یحیٖ'' اور کئی جگہ تاء وحدت کو لمبی لکھا گیا ہے جیسے ''فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ'' (آل عمران:۶۱) عام عربی رسم الخط ''لَعْنَةَ اللّٰهِ'' گول تاء کے ساتھ ہے اور ہمارے لئے جائز نہیں کہ قرآن کو رسم عثمانی سے ہٹ کر عام رسم کے مطابق لکھا جائے کیونکہ رسم عثمانی حقیقتاً رسم محمدی ﷺ ہے اور رسم عثمانی علوم قرآن میں سے ایک مستقل علم ہے جس میں پورے قرآن کے اندر جہاں جہاں عام عربی رسم الخط سے قرآن کا اختلاف ہے اسے تفصیلاً بتایا جاتا ہے۔ (۳) رسم عثمانی میں نقطے اور حرکات نہیں ڈالی گئی تھیں تاکہ تمام قراءات سبعہ اس میں شامل ہو جائیں اور کوئی قراءت اس سے خارج نہ ہو مثلاً دو قراءت ہیں ''مالك يوم الدين'' اور ''مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ'' تو اسے یوں لکھا گیا ''ملك'' بعد میں ''مالك'' پڑھنے والوں نے میم پر کھڑی زبر ڈال دی اور ''مَلِكِ'' پڑھنے والوں نے سادہ زبر ایسے ہی ایک جگہ ایک قراءت سے ''كَيْفَ نُنْشِزُهَا'' (بقرہ:۲۵۹) دوسری قراءت ''كيف نَنْشُرُهَا'' ہے نشور سے تو اسے نقطوں کے بغیر یوں لکھا گیا ''سرها'' تاکہ اسے

کیا ہے کہ زیاد ابی سفیان نے ابوالاسود کو یہ کام سونپا (الاغانی جلد ۱۱ صفحہ ۱۱۰۶' اخبار ابی الاسود) کچھ کہتے ہیں کہ امام ابن سیدین نے اپنے مصحف پر سب سے اول امام یحییٰ بن یعمر سے نقطے لگوائے یہ یحییٰ یعمر مشہور تابعی ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے احادیث روایت کرتے ہیں۔ (کتاب النقط للامام ابی عمر صفحہ ۱۲۵ البرہان فی علوم القرآن جلد اول صفحہ ۳۴۹)


قرآن اور حاملین قرآن
فضائل قرآن و حفاظ قرآن اور عظمت قرآء و فضلاء کرام پر
ایک بے مثال و لاجواب و باکمال کتاب
حضرت مولانا مفتی غلام حسن قادری
نوریہ رضویہ پبلیکیشنز

اعراب اور نقطے

سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے قرآن کریم میں نقطے اور زیریں زبریں اس لئے نہیں ڈالی تھیں کہ آپ قراءت سبعہ کو اپنی رسم میں شامل کرنا چاہتے تھے اگر نقطے ڈالے جاتے تو وہ قراءت ساقط ہو جاتیں جن میں نقطوں کا اختلاف ہے جیسے ''نُنْشِزُهَا'' اور ''نَنْشُرُهَا'' اور ''اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ'' میں دوسری قراءت ''تبغون'' ہے اور اگر اعراب ڈالے جاتے تو وہ قراءت رہ جاتیں جن میں اعرابی اختلاف ہے جیسے ''مِّنْ اَنْفُسِكُمْ'' اور ''من انفسکم'' وغیرہ اور یوں بھی اس زمانہ میں اہل عرب کے لئے اعراب اور نقطوں کے بغیر عربی عبارت پڑھنا کچھ مشکل نہ تھا وہ بلا تکلف پڑھ لیتے تھے۔ البتہ جو نسخے دور عثمانی میں بلاد عجم میں بھیجے گئے ان کے ساتھ قاری بھیجے گئے جو لوگوں کو قرآن پڑھاتے تھے اس طرح اس دور میں مشکل نہ رہی مگر بعد میں بلاد عجم کے لئے نقطوں اور اعراب کی ضرورت شدت سے محسوس ہونے لگی کیونکہ اتنے قراء دستیاب نہ تھے جو ایک ایک آدمی کو نقطوں کے بغیر پڑھا سکیں ایک اور سبب بھی تھا جس نے نقطے اور اعراب ڈالنا ضروری قرار دیا۔ وہ یہ کہ بعض ملحدین و بے دین لوگوں نے اعراب کی عدم موجودگی سے فائدہ اٹھا کر لفظی معنوی تحریف کا دروازہ کھولنے کی کوشش کی چنانچہ ''اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَرَسُوْلُهٗ ؕ'' (بیشک اللہ اور اس کا رسول مشرکوں سے بیزار ہے) میں بعض لوگ یوں پڑھنے لگے ''ورسولہ'' انہوں نے اس کو ''اَلْمُشْرِكِيْنَ'' پر عطف کیا اس طرح معنی یہ بن گیا اللہ مشرکوں اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے بیزار ہے۔ ایسی ہی دیگر تحریفات بھی ہونے لگیں تب نقطے اور اعراب ڈالنے کی ضرورت کا شدت سے احساس ہوا چنانچہ یہ کام کیا گیا مگر سب سے قبل کس نے یہ کام کیا اس بارے میں شدید اختلاف ہے ایک قول یہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ابوالاسود دؤلی کو ایسا کرنے کا حکم فرمایا (قرطبی مقدمہ جلد اول صفحہ ۶۲) اور ابو اصفہانی نے اپنی کتاب الاغانی میں یوں روایت

قرآن پاک کی حفاظت

برکت ہے۔ صلے اللہ علیہ وسلم۔ حیرت یہ ہے کہ قرآن پاک کے الفاظ محفوظ اس کے پڑھنے کے طریقے۔ یعنی قرأت (تجوید) محفوظ کہ س، ص، ت، ط، ک، ق، د، ذ، ز، ض، ظ، مدّ، شدّ وغیرہ کس طرح ادا کئے جائیں۔ طریقہ تحریر بھی محفوظ ہے۔ یعنی جس طرح کہ صاحب قرآن صلے اللہ علیہ وسلم سے تحریر منقول ہے۔ اس کے خلاف قرآن پاک نہیں لکھ سکتے۔ بِسْمِ اللّٰهِ۔ کا سین لمبا اور میم گول لکھا جاتا ہے کسی قرآن پاک میں سین چھوٹا کر کے نہ لکھا جائے۔ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْق لکھنے میں اَلْاِسْمُ آتا ہے جیسا کلمات نحوی میں الاسم آتا ہے۔ علماء فرماتے ہیں کہ قرآن پاک کو عربی خط میں لکھا جائے، اردو خط یا نستعلیق میں نہ لکھا جائے۔ بعض بعض کلمات نحوی قاعدے کے خلاف معلوم ہوتے ہیں لیکن وہ پڑھے ویسے ہی جاتے ہیں جیسے کہ ثابت ہو چکے۔ مثلاً عَلَيْهُ اللّٰه ۔ مَا اَنْسٰنِيْهُ لِنَسْفَعًا وغیرہ ان چیزوں کو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ سبحان اللہ! قرآن پاک ایسا محفوظ ہے کہ اس کے صفات تک محفوظ۔ اگر کوئی منصف


قرآن اور حاملین قرآن
فضائل قرآن و حفاظ قرآن اور عظمت قرآء و فضلاء کرام پر
ایک بے مثال و لاجواب و باکمال کتاب
حضرت مولانا مفتی غلام حسن قادری
نوریہ رضویہ پبلیکیشنز

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الحمد لله الذي أنزل القرآن ، و ضمن لحفظه من التغيير و التبديل و أحداث الزمان. و الصلاة و السلام على حبيبه سيد الأكوان، الذي أنزل عليه الفرقان، وهو ذكر و حكمة و لكل شيء تبيان، وعلىٰ اله وصحبه وأتباعه وأتباعهم الذين تعلموا وعلّموا و بلّغوا كتاب الله العزيز الرحمن .

کتابت اور رسم قرآنی کی حفاظت

خط کی ابتدا: -خطّ و تحریر کی ابتدا سے متعلق ابن فارس نے فقہ اللغۃ میں تفصیلی گفتگو کی ہے اور امام سیوطی نے **المُزہِر** میں اسے نقل کرتے ہوئے بہت کچھ اضافہ بھی کیا ہے۔ اتقان میں انھوں نے مختصر کلام کیا ہے۔ اسی کو یہاں ذکر کیا جاتا ہے:

ابن اَشتہ نے کتاب المصاحف میں اپنی سند کے ساتھ کعب احبار سے روایت کی ہے کہ عربی، سریانی اور دوسرے سارے خطوط حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی وفات سے تین سو سال پہلے وضع کیے۔ انھیں مٹی میں لکھا، پھر اسے پکا دیا۔ جب زمین غرق ہوئی، اس کے بعد لوگ زمین پر آئے تو ہر قوم نے اپنی تحریر پائی، اور اسی میں لکھنے لگے۔ حضرت اسمٰعیل بن ابراہیم نے خط عرب پایا۔

پھر ابن اَشتہ نے بطریق عکرمہ حضرت ابن عباس سے روایت کی، انھوں نے فرمایا: سب سے پہلے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے خط عربی وضع کیا۔ انھوں نے ہر تحریر کو اس کے تلفظ اور نطق پر وضع کیا۔ پھر ان سب کو موصول کی طرح ایک تحریر بنا دیا۔ پھر اپنی اولاد میں تقسیم کر دیا۔

یعنی اس تحریر میں انھوں نے سب کلمات باہم ملا دیے، حروف کے درمیان جدائی نہ رکھی مثلاً اس طرح: **بِسْمِلّٰہِرَّحْمٰنِرَّحِیْمِہ** ــــ پھر ان کی اولاد میں سے **ھُمَیْسَع** اور **قَیْذَر** نے کلمات کو فصل کے ساتھ لکھا۔

پھر ابن اَشتہ نے بطریق سعید بن جبیر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے تخریج کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے سب سے پہلی کتاب "ابوجاد" نازل فرمائی۔

ابن فارس نے کہا ہم اسی کے قائل ہیں کہ خط، امر توقیفی ہے، اس لیے کہ رب تعالیٰ کا ارشاد ہے: عَلَّمَ بِالْقَلَمِ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ۝ اس نے قلم کی تعلیم دی، انسان کو وہ سکھایا جس کا اسے علم نہ تھا۔ اور فرمایا: نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ۝ قسم ہے قلم کی اور تحریروں کی۔ اور یہ حروف ان اسما میں داخل ہیں جو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو سکھائے۔

ابتدائے تحریر سے متعلق اتقان میں یہ اجمالی کلام ہے۔

رسم قرآنی: -خاص رسم قرآنی سے متعلق لکھتے ہیں کہ: اس بارے میں متقدمین و متاخرین میں سے

بہت سے لوگوں نے مستقل کتابیں لکھی ہیں انہی میں سے امام ابو عمرو (عثمان بن سعید) دانی۔ متوفی ۴۴۴ھ بھی ہیں۔

قرآن کریم میں جو کلمات عام اصولِ کتابت کے خلاف مرسوم ہیں ان کی توجیہ میں ابوالعباس احمد بن محمد بن عثمان اَزدی مرسی معروف بہ "ابن البنّاء" متوفی ۷۲۱ھ نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام ہے "عُنْوَانُ الدَّلِيْلِ فِي مَرْسُوْمِ خَطِّ التَّنْزِيْلِ"۔ اس میں بیان کیا ہے کہ تحریر میں ان حروف کا حال ان کلمات کے معانی کے اختلافِ حال کے لحاظ سے ہے۔

امام دانی "المُقْنِع" میں اشہب سے روایت کرتے ہیں کہ امام مالک سے دریافت کیا گیا کہ کیا قرآن کو اس ہجا پر لکھا جائے جو آج لوگوں نے ایجاد کی ہے؟ فرمایا نہیں، پہلی ہی تحریر پر لکھا جائے۔ امام دانی فرماتے ہیں: اس بارے میں علماے امت میں سے کوئی بھی امام مالک کے خلاف نہیں۔

دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ امام مالک سے قرآن کے حروف واو، الف سے متعلق سوال ہوا کہ آپ کی رائے کیا ہے؟ کیا مصحف میں اس طرح جو ملے اسے بدل دیا جائے؟ فرمایا: نہیں۔

امام دانی فرماتے ہیں: یعنی وہ واو اور الف جو رسم میں زائد ہوتے ہیں اور تلفظ میں نہیں آتے — جیسے "اولو" کا پہلا واو۔

امام احمد فرماتے ہیں: واو، یا، الف یا اور کسی حرف میں مصحف امام کی مخالفت حرام ہے۔

امام بیہقی شعب الایمان میں لکھتے ہیں: اگر کوئی شخص مصحف لکھے تو اسے اُس ہجا کی پابندی کرنی چاہیے جس پر صحابہ نے یہ مصاحف لکھے۔ اس میں ان کی مخالفت نہ کرے۔ نہ ان کی تحریر میں کوئی تبدیلی لائے۔ اس لیے کہ وہ علم میں ہم سے فائق، دل اور زبان میں ہم سے زیادہ صادق، اور امانت میں ہم سے عظیم تر تھے۔ اپنے بارے میں یہ خیال نہ کرنا چاہیے کہ ہم اُن پر کوئی استدراک کر سکیں گے۔ (الإتقان فی علوم القرآن ج۴، ص۱۴۵تا۱۴۷ - نوع ۷۶ -مرسوم الخط و آداب کتابته)

امام ابو عمرو دانی لکھتے ہیں: اکثر علما اس پر ہیں کہ جب حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے مصحف لکھایا تو اس کے چار نسخے بنوائے اور ہر خطے میں ایک ایک نسخہ بھیجا۔ ایک کوفہ، ایک بصرہ، ایک شام اور ایک اپنے پاس رکھا۔

اور کہا گیا کہ سات نسخے تیار کرائے ایک مکہ، ایک یمن، اور ایک بحرین بھی بھیجا۔ مگر قول اول اصح ہے اور علما اسی پر ہیں۔ (المقنع ص۱۹)

المقنع کے آخر میں امام ابو عمرو دانی نے رسم قرآنی سے متعلق کچھ شکوک و شبہات ذکر کر کے ان کے تشفی بخش جوابات بھی رقم کیے ہیں۔ (ملاحظہ ہو ص ۱۱۸ تا ۱۲۵- المقنع فی رسم مصاحف الامصار مع کتاب النقط - بہ تحقیق محمد صادق قمحاوی - اشاعت: مکتبہ الکلیات الأزہریہ - قاہرہ - تاریخ اشاعت درج نہیں)

اب آگے **کتابتِ قرآن اور رسم قرآنی** کے تفصیلی مباحث تحریر کیے جاتے ہیں۔

رسم خط قرآنی: قرآنِ کریم کو اس رسم کے مطابق لکھنا جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بربنائے اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم ثابت ہے اور متقدمین سے منقول ہے۔

اس رسم خط کی پیروی ائمۂ اربعہ کے نزدیک واجب ہے۔

موضوع: نقوش قرآنی۔

غایت: قرآن کریم کی رسم و قراءت کی صحت۔

اس رسم کی دو قسمیں ہیں: (۱) **رسم قیاسی** (۲) **رسم غیر قیاسی**۔

رسم قیاسی: وہ جس میں مرسوم مطابقِ ملفوظ ہو۔

اس کی دو قسمیں ہیں: (۱) **رسم قیاسی مطلق** (۲) **رسم قیاسی مقید**۔

رسم قیاسی مطلق: وہ جس میں مرسوم مطابقِ ملفوظ بالاتفاق ہو۔ جیسے مٰلِكِ النَّاسِ۝۔

رسم قیاسی مقید: وہ جس میں مرسوم کسی خاص قراءت کے لحاظ سے مطابقِ ملفوظ ہو۔ جیسے مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ۝، بقراءت حذف الف۔

❁ اگرچہ یہ رسم قیاسی کی قسم ہے لیکن رسم غیر قیاسی کے حکم میں ہے، کیوں کہ ایسی رسم کسی نہ کسی قراءت میں مقرُو کے مخالف ہو گی۔

رسم غیر قیاسی: وہ جس میں مرسوم، مقرُو کے موافق نہ ہو، یا اصل کے موافق نہ ہو اس کی چند صورتیں ہیں۔

(۱) **ابدال**: ملفوظ کی جگہ دوسرا حرف لکھنا۔ جیسے: صَلٰوۃ (الف کی جگہ واو ہے)

(۲) **حذف**: کسی حرفِ مقرو کو نہ لکھنا۔ جیسے: سَلٰمٌ، غُلٰمٌ (الف محذوف ہے)

(۳) **اثبات**: کسی حرف غیر مقرو کو لکھنا۔ جیسے: بِاَیْیدٍ (دال سے پہلے دو یا کے ساتھ)

(۴) **وصل**: دو کلموں کو ملا کر لکھنا۔ جیسے: بِئْسَمَا۔ اسے **موصول** کہتے ہیں۔

(۵) **قطع**: ملا کر لکھے جانے والے حرف کو الگ الگ لکھنا۔ جیسے: مَا لِ هٰذَا الرَّسُوْلِ۔ اسے **مقطوع** کہتے ہیں۔

رسم غیر قیاسی کی دو قسمیں ہیں: (۱) **رسم اصطلاحی** (۲) **رسم احتمالی**۔

رسم اصطلاحی: یہ کہ مرسوم اختلاف قراءت کے احتمال کے بغیر ملفوظ کے بر خلاف ہو جیسے: لَاۡ اِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ۝۔

رسم احتمالی: وہ رسم جو مختلف قراءتوں پر مشتمل اور ان کی محتمل ہو۔ جیسے: ابرھم ــ سورۂ بقرہ کے اندر یہ اسم جہاں بھی آیا ہے اس میں دو قراءتیں ہیں: اِبْراھام (ابن عامر بخلفٍ عن ابن ذکوان) ابراھیم (باقی قرّا) رسم بالا میں دونوں قراءتوں کی گنجائش ہے: اِبْرٰھم ۔ اِبْرٰھم۔

پہلی فصل

رسم خط کی تعریف وغیرہ کا بیان

تعریف:

رسم خط قرآنی کی تعریف یہ ہے کہ کلام پاک کو اس رسم کے موافق لکھنا جس طرح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بنا بر اجماع صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ثابت اور متقدمین سے منقول ہے اسی وجہ سے اس رسم خط کی اتباع ائمہ اربعہ رحمہم اللہ کے نزدیک ضروری ہے۔

موضوع:

موضوع اس کا نقوش قرآنی ہے۔

غایت:

غایت اس کی صحت رسم وقرآءت قرآن ہے۔

اقسام:

اس رسم کی دو قسمیں ہیں: (اول) رسم قیاسی یعنی مرسوم مطابق ملفوظ کے ہو اس رسم کی دو قسمیں ہیں:

(۱) رسم قیاسی مطلق: یعنی مرسوم مطابق ملفوظ کے بالاتفاق ہو جیسے مَلِكِ النَّاسِ۔

(۲) رسم قیاسی مقید: یعنی مرسوم کسی خاص قرآءت میں مطابق ملفوظ کے ہو جیسے مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ بقرآءت حذف الف۔ اگرچہ یہ رسم قیاسی کی قسم ہے لیکن حکم میں رسم غیر قیاسی کے ہے کیونکہ ایسی رسم کسی نہ کسی قرأت میں مخالف مقروٗ کے ہوگی اور رسم قیاسی مطلق محتاج کی بیان

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

ہیں کیونکہ یہ رسم عمل اور اصل کے موافق ہے مگر جہاں خلاف اصل کا کسی وجہ سے وہم اور احتمال

ہوگا وہاں اصل کی تصریح کی جائے گی۔

(دوم) رسم غیر قیاسی: یعنی مرسوم موافق مقروٗ کے نہ ہو یا موافق اصل کے نہ ہو اس کی چند صورتیں ہیں:

(اول) ابدال یعنی ملفوظ حرف کی جگہ دوسرا حرف مرسوم ہو جیسے صَلٰوةٌ

(دوم) حذف یعنی کسی حرف مقروٗ کو نہ لکھنا جیسے سَلٰمٌ وغیرہ

(سوم) اثبات یعنی کسی حرف غیر مقروٗ کو لکھنا جیسے بِاَيْيدٍ وغیرہ

(چہارم) وصل یعنی دو کلموں کو ملا کر لکھنا جیسے بِئْسَمَا وغیرہ اس کو موصول کہتے ہیں اور اگر ملا ہوا نہ لکھا ہو تو اس کو مقطوع کہتے ہیں۔

اس رسم غیر قیاسی کی دو قسمیں ہیں:

(اول) رسم اصطلاحی یعنی مرسوم مخالف ملفوظ کے ہو بلا احتمال اختلاف قرآءت کے جیسے لَاۤ اِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ

(دوم) رسم احتمالی یعنی وہ رسم جو قرآءت مختلفہ کو مشتمل اور محتمل ہو جیسے يَعْلَمُوْنَ اور تَعْلَمُوْنَ کہ رسماً یہ دونوں ایک ہیں کیونکہ اصل رسم عثمانی غیر منقوط اور غیر معرب ہے لہٰذا یہ رسم قرآءات مختلفہ صیغہ غائب اور خطاب دونوں کو شامل ہے۔

قرآنی رسم الخط یعنی رسم عثمانی

خلیفۂ سوئم حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اِجماع سے قرآن مجید کے جو متعدد نسخے لکھوا کر بڑے بڑے اِسلامی شہروں میں بھیجے تھے، وہ مصاحف قرآن جس طریقے پر لکھے گئے تھے اس کو علماے عظام اور قراے کرام کی اصطلاح میں قرآن کا رسم الخط ؛ نیز رسم عثمانی بھی کہا جاتا ہے۔اس باب میں رسم الخط سے یہی مراد ہے۔ 160

یہاں میں اس بات کی وضاحت بھی کرتا چلوں کہ رسمِ عثمانی کی جو نسبت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف کی گئی ہے وہ بنیادی طور پر مجازاً ہے؛ ورنہ درحقیقت قرآنِ مجید کا رسم، جسے صحتِ قراءت کے لیے ایک لازمی شرط قرار دیا گیا ہے، یہ بنیادی طور پر وہ طریقۂ کتابت ہے جو معلم کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابۂ کرام کو خود اِملا کروایا تھا۔اس کے بعد وہ صحابہ کے پاس متعدد صورتوں میں موجود رہا۔ 160

یہی وجہ ہے کہ علم الرسم کی جمیع کتب میں رسم عثمانی کی تعریف میں ماہرین فن نے بالاتفاق وضاحت کی ہے کہ عثمانی رسم الخط کے معنی یہ ہیں کہ قرآنی کلمات کو حذف وزیادت اور وصل وقطع کی پابندی کے ساتھ اس شکل پر لکھنا جس پر دورِ عثمانی میں صحابۂ کرام کا اِجماع ہو چکا ہے اور جو تواتر کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے۔ 160

علم رسم کے لیے بنیادی طور پر خط اور رسم الخط کے مابین فرق سمجھنا ضروری ہے۔چنانچہ ''خط'' کہتے ہیں: کسی کلمہ کو حروف ہجا کی ترکیب سے بہ رعایت وقف وابتدا، مطابق تلفظ کے لکھنا۔جب کہ ''رسم'' کلمہ کو حروف ہجا کی ترکیب سے رسم عثمانی کے موافق لکھنے کو کہتے ہیں۔ 162

خط اور رسم الخط کی تعریف سے معلوم ہو گیا کہ رسم خط میں مصحف سیدنا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اتباع اصل ہے۔اس لیے کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے قرآن کریم کی کتابت میں اس کا اہتمام بلیغ فرمایا ہے کہ کلام اللہ کا جو کلمہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کے مطابق جیسا لکھا گیا ہے اس کو ویسا ہی لکھا جائے کیوں کہ لوحِ محفوظ سے بہ واسطۂ جبرئیل امین اسی انداز پر لکھنا آپ ﷺ تک پہنچا تھا، اس میں کسی کے اجتہاد وعقل کو کوئی دخل نہیں۔یہی وجہ ہوئی کہ ائمہ امت نے رسم عثمانی کے خلاف قرآن کریم لکھنے کو ناجائز قرار دے دیا ہے۔ 163 164

فائدہ: جس طرح حروف مقطعات وآیات متشابہات کی صحیح مراد کے نامعلوم ہونے کے باوصف ہم اُسے تسلیم کرتے، پڑھتے اور پڑھاتے ہیں، اور اس میں کسی طرح کے تغیر وتبدل کو جائز نہیں رکھتے بلکہ تا حد امکان اس کی توجیہ وتاویل کرتے ہیں، اسی طرح یہ رسم خطِ قرآن بھی اسرار الٰہیہ میں کا ایک سر ہے، اس کی باریکیاں عقل کی کسوٹی پر نہ اُترنے کے باوجود بھی اسے بلا چون وچرا تسلیم کر لینا چاہیے، اور اس کے درست ہونے پر ایمان رکھنا چاہیے۔قرآن مجید کا یہ رسم الخط توقیفی اور سماعی ہے۔نبی کریم ﷺ سے مسموع، آپ کے امر واملا سے ثابت ومنقول اور لوحِ محفوظ کی ہیئت کتابت اور رسم الخط کے مطابق منزل من اللہ ہے، اس کے اندر کسی قیاس اور کسی کے رائے کی ذرا بھی گنجائش نہیں۔

164

!!! برکات الترتیل !!!

قرآنی رسم الخط یعنی رسم عثمانی

عثمانی رسم الخط کے معنی یہ ہیں کہ قرآنی کلمات کو حذف وزیادت اور وصل وقطع کی پابندی کے ساتھ اس شکل پر لکھنا جس پر دورِ عثمانی میں صحابۂ کرام کا اِجماع ہو چکا ہے اور جو تواتر کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے۔

فائدہ: جس طرح حروف مقطعات وآیات متشابہات کی صحیح مراد کے نامعلوم ہونے کے باوصف ہم اُسے تسلیم کرتے، پڑھتے اور پڑھاتے ہیں، اور اس میں کسی طرح کے تغیر وتبدل کو جائز نہیں رکھتے بلکہ تا حد امکان اس کی توجیہ وتاویل کرتے ہیں، اسی طرح یہ رسم خطِ قرآن بھی اسرار الٰہیہ میں کا ایک سِر ہے، اس کی باریکیاں عقل کی کسوٹی پر نہ اُترنے کے باوجود بھی اسے بلا چون وچرا تسلیم کر لینا چاہیے، اور اس کے درست ہونے پر ایمان رکھنا چاہیے۔ قرآن مجید کا یہ رسم الخط توقیفی اور سماعی ہے۔ نبی کریم ﷺ سے مسموع، آپ کے امر واملا سے ثابت ومنقول اور لوحِ محفوظ کی ہیئت کتابت اور رسم الخط کے مطابق منزل من اللہ ہے، اس کے اندر کسی قیاس اور کسی کے رائے کی ذرا بھی گنجائش نہیں۔

رسم قرآنی کی دو قسمیں ہیں : (۱) رسم قیاسی (۲) رسم غیر قیاسی

رسم قیاسی : یعنی لفظ کا رسم تلفظ کے مطابق ہو جیسے مَلِکِ النَّاسِ وغیرہ۔

رسم غیر قیاسی : یعنی مرسوم مطابق تلفظ کے نہ ہو یا خلاف اصل ہو۔

خلافِ اصل کی بھی دو صورتیں ہیں: پہلا خلاف عقل مرسوم ہو جیسے اَفَائِنْ مَّاتَ وغیرہ کہ ایک یا زائد ہے۔ دوسرے خلاف قاعدہ مرسوم ہو جیسے بِئْسَمَا پھر خلافِ مقرو کی بھی دو صورتیں ہیں: اول یہ کہ مرسوم حرف پڑھنے میں نہ آئے جیسے لَا اَنْتُمْ وغیرہ۔ دوسرے یہ کہ حرف مرسوم نہ ہو مگر پڑھا جائے جیسے دَاوٗد وغیرہ۔

رسم غیر قیاسی کی دو قسمیں ہیں : (۱) رسم اِصطلاحی (۲) رسم اِحتمالی

رسم اصطلاحی : یعنی جس کلمہ میں دوسری قراءت نہ پائی جا سکے جیسے لَاَاذْبَحَنَّهٗ وغیرہ کہ اس کلمہ میں لام کے بعد الف بالاتفاق نہیں پڑھا جائے گا۔

رسم احتمالی : یعنی جس کلمہ میں دوسری قراءت کے پائے جانے کا احتمال ہو جیسے کہ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ وغیرہ۔

رسم قیاسی کی دو قسمیں ہیں: (۱) قیاسی مطلق (۲) قیاسی مقید۔

قیاسی مطلق : یعنی مرسوم بالاتفاق مقرو کے مطابق یا اصل کے موافق ہو جیسے مَلِکِ النَّاس وغیرہ۔

قیاسی مقید : یعنی مرسوم کسی خاص قراءت میں ملفوظ کے موافق ہو جیسے مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ وغیرہ بحذف الف۔

فائدہ : رسم غیر قیاسی کی واقع ہونے کے اعتبار سے چار صورتیں ہیں: (۱) وصل (۲) ابدال (۳) حذف (۴) اثبات۔

!!! برکاتُ الترتیل !!!

وصل : یعنی دو کلموں کو ملا کر لکھنا جیسے بِئْسَمَا وغیرہ۔ اور اگر دو کلمے الگ الگ ہوں تو اس کو مقطوع کہیں گے جیسے اِنَّ مَا وغیرہ۔ پس جن دو کلموں کو ملا کر لکھا جائے تو ان میں پہلے کلمہ پر وقف ہرگز جائز نہیں بلکہ عند الضرورت دوسرے کلمہ پر وقف کیا جائے گا، اس کو وقف علی الوصل کہتے ہیں۔

ابدال : یعنی ملفوظ حرف کی جگہ دوسرا حرف مرسوم ہو جیسے اَلرِّبٰوی ، فَسَوّٰی وغیرہ ایسے کلمات پر وقف ہو تو اس کو وقف علی الابدال کہیں گے، اس صورت میں وقف مخالف رسم ہوگا۔

حذف : یعنی کسی حرفِ مقرو کو نہ لکھنا جیسے سَلٰم وغیرہ۔ یہ تین طرح پر واقع ہوگا۔ اول یہ کہ الف حذف ہو جیسے بٰلِغ وغیرہ۔ دوم یہ کہ واؤ حذف ہو جیسے تَلُوْ وغیرہ۔ سوم یہ کہ یا حذف ہو جیسے یَسْتَحْیٖ وغیرہ۔

اثبات : یعنی کسی حرف غیر مقرو کو لکھنا اس کی دو صورتیں ہیں: اول یہ کہ اثبات الف ہو جیسے لٰکِنَّا ، اَلظُّنُوْنَا ، اَلرَّسُوْلَا، اَلسَّبِیْلَا، سَلَاسِلَا، قَوَارِیْرَا، ان کلمات مذکورہ پر وقف موافق رسم اور اثبات الف کے ساتھ ہوگا اس کو وقف بالاثبات کہیں گے۔ دوم اثبات یا جیسے بِلِقَائِ رَبِّهِمْ وغیرہ۔ ثَمُوْدَا، نَبْلُوَا، نَدْعُوَا وغیرہ کے مثل جو الف کہ قراءۃً ثابت نہ ہوں، اسی طرح تِلْقَای اور بِلِقَایِ رَبِّهِمْ وغیرہ کے کلمات کہ الف و یا کسی بھی صورت میں ثابت نہیں، لہٰذا ان مذکورہ جگہوں پر وقف بالحذف ہوگا اور مخالف رسم ہوگا۔

Muqaddima Tafseer Rooh ul iman fi tashree ayat ul quran by Maulana muhammad fateh din azbar - Tadveen.pdf



بفضلہٖ ومنہ

مقدمہ تفسیر روح الایمان فی تشریح آیات القرآن

جس میں

قرآن شریف کے نزول اسکی جمع ترتیب تہذیب قرأت کتابت اشاعت رسم الخط کے اصول وغیرہ

جمیع مضامین ضروریہ پر نہایت تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے

مؤلفہ ومرتبہ

مؤلف تفسیر روح الایمان فی تشریح آیات القرآن وکتاب العطایا ومفتاح خزینۃ المیراث وغیرہ

محمد فتح الدین انصاری ابن حکیم غلام محمد مرحوم خوشاب

سنہ ۱۹۲۴ء ضلع شاہ پور سنہ ۱۳۴۲ھ

زیور پریس انڈسٹریل ایریا لاہور میں طبع ہوا

مصحف امام کی رسم الخط میں مندرجہ ذیل چھ اصول قابل غور ہیں۔

(۱) حذف (۲) زیادتی (۳) ہمزہ لانا (۴) بدل ڈالنا (۵) وصل کرنا اور فصل ڈالنا (۶) وہ لفظ جس میں دو قرأتیں آئی ہیں۔ مگر ایک لکھی گئی ہے۔

Muqaddima Tafseer Rooh Ul Iman Fi Tashree Ayat ...

Oct 23, 2015 — **Muqaddima Tafseer Rooh Ul Iman Fi Tashree Ayat Ul Quran** By Maulana Muhammad Fateh Din Azbar. by: Muhammad Tariq Lahori.

Muqaddima Tafseer Rooh ul iman fi tashree ayat ul quran by Maulana muhammad fateh din azbar - Tadveen.pdf

حذف

یَھْدِیْنِ وغیرہ سے بھی۔

حرف واؤ کا حذف واؤ۔ دوسری واؤ کے ساتھ مثل مقامات ذیل میں حذف ہوئی ہے۔ لَایَسْتَوٗنَ ۔ فَاْدُوْ۔ یَوْسَا وغیرہ۔

حرف لام کا حذف ۔ لام مدغم اپنے مثل میں ۔ مثل الذی ۔ اَلَّھُوَ۔ اَلَّغْوَ۔

اصل اوّل حذف

الف مندرجہ ذیل مقامات سے اکثر حذف ہوتا ہے:۔

(۱) ۔یا حرف ندا سے ۔ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ ۔ یٰاٰدَمُ ۔ یٰعِبَادِیْ ۔ یٰمُوْسٰی۔

(۲) ۔ھائے تنبیہ سے ۔ مثل ھٰٓؤُلَآءِ ۔ ھَاَنْتُمْ۔

(۳) ۔ نا ضمیر متکلم سے بمعیت ضمیر دوم ۔ اَنْجَیْنٰکُمْ ۔ حَشَرْنٰھُمْ ۔ حَفَفْنٰھُمَا اَنْزَلْنٰہُ۔

(۴) حرف لام کے بعد واقعہ ہونے والا ۔ لٰکِنْ ۔ اُولٰٓئِکَ ۔ خِلٰفَ ۔ سَلٰمٌ اِیْلٰفِ ۔

(۵) دو لاموں کے درمیان واقعہ ہونے والا ۔ خِلٰلَہٗ ۔ خِلٰلَ الدِّیَارِ۔

(۶) تین حرف سے زائد حرف والے علم میں واقع ہونے والا ۔ اِبْرٰھِیْمَ ۔ اِسْمٰعِیْلَ اِسْحٰقَ ۔ مِیْکٰلَ ۔ رَحْمٰنَ ۔ گرجالوت ۔ ھامان ۔ ھاروت وماروت یاجوج ماجوج بھی آئے ہیں۔

اور واؤ میں سے اسلئے حذف نہیں ہوا ۔ کہ اس کا واؤ حذف ہو چکا ہے اور اسرائیل میں سے یٰ حذف ہوا ہے۔

حرف یٰ کا حذف ۔ یہ حرف اکثر ایسے اسم منقوص سے حذف ہوتا ہے۔ جو کہ مُنَوَّنْ ہو۔ رفعاً یا جرّاً ۔ مثل باغٍ ۔ عادٍ ۔ اِقْضِ مَا اَنْتَ قَاضٍ۔

اور اکثر جگہ الطیعون ۔ خافون ۔ ارھبون ۔ اُعْبُدُوْنِ سے بھی حذف ہوا ہے۔ ایسے ہی اخشونِ ۔ کِیْدُوْنِ ۔ کذّبونِ ۔ وَعِیْدِ ۔ بالوادِ ۔

Muqaddima Tafseer Rooh ul iman fi tashree ayat ul quran by Maulana muhammad fateh din azbar - Tadveen.pdf

اثبات



اصل دوم۔ زیادتی

اسم مجموع کے آخر میں واؤ جمع کے بعد ایک الف زاید لکھا جاتا ہے۔ مثل بنوا اسرائیل۔ مُلَاقُوا۔

لیکن جمع مرفوع و منصوب کے آخر میں بعض مقامات پر الف نہیں لکھا گیا۔ اور بعض جگہ لکھا گیا ہے۔ مثل عتوا۔ فاؤا۔ عسی اللہ ان یعفوا عنھم مسعوا فی اٰیتنا۔ جاؤا۔

ہمزہ کے بعد یٓ کی زیادتی مثل نبأی المرسلین۔ اٰنآی اللیل۔ تلقأی نفسی

ہمزہ کے بعد واؤ کی زیادتی۔ مثل سأوریکم۔ أولوا۔

Muqaddima Tafseer Rooh ul iman fi tashree ayat ul quran by Maulana muhammad fateh din azbar - Tadveen.pdf

اصل سوم۔ ہمزہ لانا

(۱) ہمزۂ ساکن اپنے ماقبل کی حرکت کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ اوّل کلمہ میں واقعہ ہو خواہ وسط میں خواہ آخر کلمہ میں مثلاً۔ اِیْذَنْ ۔ اَوْمِنْ اَلْبَاْسَاءُ۔ اِقْرَاْ۔ جِیْنَاکَ۔

(۲) ہمزہ متحرک اگر اوّل کلمہ میں ہے یا اُس کے ساتھ کوئی حرف متصل ہوا ہے۔ اس کی کتابت مُطلقاً الف کے ساتھ ہوگی۔ یعنے اس کی کتابت حرکت کے اعتبار پر نہ ہوگی مثلاً اَیُّوب ۔ اِذَا ۔ اُکُوا۔ سَاَحْرِفُ ۔ فَبِاَیِّ ۔ سَاُنْزِلُ ۔ اور بعض جگہ اس کے خلاف حرف یَ پر بھی ہوئی ہے ۔ اَئِنَّکُم اَئِنَّا لَتَارِکُوْا ۔ اُئْذَنَا مِنْتَایَوْمَئِذٍ وغیرہ ۔ اور بعض بصورت وَاو ہے ۔ مثل ھٰٓؤُلَاءِ۔ اُؤْتُمِنَ

ایسے ہی ہمزہ متحرک اگر وسط کلمہ میں یا آخر کلمہ میں واقعہ ہے ۔ تو عموماً اس کی حرکت ہمزہ کے موافق حرف سے کی جاتی ہے۔ مثلاً سَئَالَ سُئِلَ سَبَاٍ مَشَاطِیَ لُؤْلُؤٌ اور بعض جگہ اس کے خلاف ہے۔ مثل تَفْتَؤُا تَاْلَّوْ کَاْنُبَدِّاُ۔

Muqaddima Tafseer Rooh ul iman fi tashree ayat ul quran by Maulana muhammad fateh din azbar - Tadveen.pdf

ابدال

اصل چہارم۔ بدل ڈالنا

بغرض تفخیم الف کو واؤ سے بدل دیتے ہیں۔ مثل صلوٰۃ۔ زکوٰۃ۔ حیوٰۃ۔ ربوٰ۔ بشرطیکہ یہ کسی اور اسم کیطرف مضاف نہ ہوں۔ ایسے ہی بعض مقامات پر العذٰوۃ۔ مشکوٰۃ النجاۃ۔ مناٰۃ کو بھی الغدٰوۃ۔ مشکوٰۃ۔ النجوٰۃ۔ منوٰۃ یعنے الف واؤ کی شکل میں لکھا ہے؛

(۲) وہ الف کہ حرف ی سے بدل ہو کر آیا ہے۔ کتابت میں ی سے بدل جاتا ہے مثل یتوفیکم۔ یہ صورت اسم یا فعل میں ہوتی ہے اس کے ساتھ ضمیر ہو یا نہ ہو۔ اور کسی ساکن سے ملاقی ہو خواہ نہ ہو۔ اس نوع سے یاحسرتیٰ یا اسفیٰ اور بعض اس سے مستثنےٰ ہیں۔ مثل تترا۔ کلتا۔ ھدانی۔ عصانی۔ ایسے ہی انی علےٰ انّی۔ متیٰ۔ بلےٰ۔ حتّیٰ وغیرہ ہیں؛

ثلاثی کلمہ اسم یا فعل ناقص واوی ہونے کی حالت میں عموماً اس کا واؤ الف سے لکھا گیا ہے۔ مثلاً الصّفا۔ شفا۔ اور بعض جگہ اس کے خلاف ہے جیسے ضحیٰ۔ سجیٰ۔ طیٰ۔ زکیٰ۔ دحیٰ۔ طغیٰ وغیرہ؛

Muqaddima Tafseer Rooh ul iman fi tashree ayat ul quran by Maulana muhammad fateh din azbar - Tadveen.pdf

وصل

قطع



اصل پنجم - وصل و فصل

اَلَّا (فتح کے ساتھ) عام طور پر بطریق وصل لکھا گیا ہے۔ مگر دس مقام اس سے مستثنیٰ ہیں اَنْ لَا اَقُوْلَ - اَنْ لَا تَقُوْلُوْا - (اعراف) اَنْ لَا مَلْجَاَ (ہود) اَنْ لَا اِلٰهَ - اَنْ لَا تَعْبُدُوْا اِلَّا اللّٰهَ - اِنِّیْ اَخَافُ اَنْ لَا تُشْرِكَ (الحج) اَنْ لَا تَعْبُدُوْا (یٰسین) اَنْ لَا تَعْلُوْا (دخان) اَنْ لَا یُشْرِكْنَ (ممتحنہ) اَنْ لَا یَدْخُلَنَّهَا (ن)

ایسے ہی مِمَّا - مِمَّنْ - عَمَّا - اِمَّا - عَمَّنْ - اَمَّنْ - اِلَّمْ کہیں بطریق وصل اور کہیں مِنْ مَا - مِنْ مَنْ - عَمْ مَا - اِمْ مَا - عَنْ مَنْ - اَمْ مَنْ - اِنْ لَمْ کہیں بطریق فصل لکھے ہیں - ایسے ہی کُلَّمَا - بِئْسَمَا - نِعِمَّا - رُبَّمَا - كَاَنَّمَا - اَیْنَمَا بھی کہیں فصل اور کہیں وصل کے ساتھ آئے ہیں۔

Muqaddima Tafseer Rooh ul iman fi tashree ayat ul quran by Maulana muhammad fateh din azbar - Tadveen.pdf

رسم قیاسی مقید

اصل ششم ان الفاظ کی کتابت جن میں دو قرأتیں (لغۃ قریش میں)



آئی ہیں اور ایک ضبط ہوئی ہے اور قرأت سے مراد مشہور و مطروح ہے
مثل مٰلِكِ - يُحَادِّوْنَ - وَاعِدْنَا - حالانکہ ان کی قرأت الف و بلاالف دونو کے ساتھ
آئی ہے ۔

کیفیتِ وقف

وقف بلحاظِ رسم اور بلحاظِ وصل

یعنی وصل اور لکھاوٹ کے اعتبار سے وقف کی کیفیت۔

۱ موافقِ وصل، موافقِ رسم جس کلمہ پر وقف کیا گیا ہے، وہ وصلاً و رسماً متحد ہو، مثل کِتَابِیَهْ۔

۲ مخالفِ وصل، مخالفِ رسم یہ صورت حفص رحمہ اللہ کی روایت میں نہیں ہے۔

۳ مخالفِ وصل، موافقِ رسم جس کلمہ پر وقف کیا گیا ہے، وہ صرف رسماً موافق ہو، مثل اَلظُّنُوْنَا وغیرہ۔

مثلاً جو الف وصل میں نہیں پڑھے جاتے ہیں صرف وقف میں پڑھے جاتے ہیں

لفظ اَنَا. لفظ لٰكِنَّا سورۂ کہف: ۳۸ میں اور اَلظُّنُوْنَا، اَلرَّسُوْلَا، اَلسَّبِيْلَا سورۂ احزاب میں اور پہلا قَوَارِيْرَا سورۂ دہر

وقف موافق رسم' مخالف وصل : یعنی وقف رسم کے مطابق اور وصل کے مخالف ہو، ایسے سات کلمات جن میں وقف وصل کے خلاف اور رسم کے موافق ہوتا ہے۔(۱) اَنَا واحد متکلم کی ضمیر (قرآن میں جہاں بھی آئے) (۲) لٰكِنَّا (کہف)(۳) اَلظُّنُوْنَا(احزاب)(۴) اَلرَّسُوْلَا (احزاب) (۵) اَلسَّبِيْلَا (احزاب)(۶) سَلٰسِلَا (دہر)(۷) پہلا قَوَارِيْرَا (دہر) ان کے آخر میں جو الف مرسوم ہے یہ صرف وقف میں پڑھا جائے گا، البتہ صرف سلٰسلا میں الف کے بغیر بھی وقف جائز ہے، اس صورت میں یہاں وقف موافق وصل مخالف رسم بھی ہوگا۔

۴ موافقِ وصل، مخالفِ رسم جو الفات رسماً ہیں، قراءۃً نہیں۔ ان کلمات پر نہ وقف تابع رسم خط ہے اور نہ وصلاً اثباتِ الف ہے۔

جو حروف بوجہ تماثل غیر مرسوم ہیں، ان پر بھی وقف موافقِ وصل مخالفِ رسم ہوگا۔

مثلاً سَلٰسِلَا پر حذفِ الف مع سکونِ لام سَلْسِلْ

فَمَا اٰتٰنِيَ یائے ساکنہ کیساتھ فَمَا اٰتٰنِ وقف موافق وصل بھی جائز ہے۔

وَلِيِّيَ اللّٰهُ کے یائے ثانیہ پر سکونِ یاء کے ساتھ وقف موافق وصل ہوگا۔

!!! برکاتُ الترتیل !!!

وصل کے مطابق ہو، ایسے کل نو کلمات ہیں جن میں روایت حفص کے مطابق وقف وصل کے موافق اور رسم کے خلاف ہوگا۔(۱) اَوْ يَعْفُوَا (بقرہ) (۲) اَنْ تَبُوْءَا (مائدہ) (۳) لِيَتْلُوَا(احزاب) (۴) لَنْ نَّدْعُوَا (رعد) (۵) لِيَرْبُوَا (محمد) (۶) لِيَبْلُوَا(روم) (۷) وَنَبْلُوَا (محمد) (۸) دوسرا قَوَارِيْرَا (دہر) (۹) ثَمُوْدَا جو الف کے ساتھ مرسوم ہے، اور یہ صرف چار جگہ ہے (ہود، فرقان، عنکبوت، نجم) ان میں سے پہلے سات کلمات کو سب ہی نے بغیر الف کے پڑھا ہے، اس لیے ان میں سب ہی کے لیے وقف وصل کے موافق اور رسم کے خلاف ہوگا۔

آؤ سیکھیں قرآن

RECITING – practical points

رسم قرآنی کی دو قسمیں ہیں : (۱) رسم قیاسی (۲) رسم غیر قیاسی

رسم قیاسی : یعنی لفظ کا رسم تلفظ کے مطابق ہو جیسے مَلِکِ النَّاسِ وغیرہ۔

رسم غیر قیاسی : یعنی مرسوم مطابق تلفظ کے نہ ہو یا خلاف اصل ہو۔

خلافِ اصل

پہلا خلاف عقل مرسوم ہو جیسے اَفَائِنْ مَّاتَ وغیرہ کہ ایک یا زائد ہے۔

دوسرے خلاف قاعدہ مرسوم ہو جیسے بِئْسَمَا۔

خلافِ مقرو

اول یہ کہ مرسوم حرف پڑھنے میں نہ آئے جیسے لَا اَنْتُمْ وغیرہ۔

دوسرے یہ کہ حرف مرسوم نہ ہو مگر پڑھا جائے جیسے دَاوٗد وغیرہ۔

Each word separately likha jata, mgr kch words mila kr likha huva hai

SUMMARY

خلافِ مقرو کی بھی دوصورتیں ہیں: اول یہ کہ مرسوم حرف پڑھنے میں نہ آئے جیسے لَا اَنْتُمْ وغیرہ۔
دوسرے یہ کہ حرف مرسوم نہ ہو مگر پڑھا جائے جیسے دَاوٗد وغیرہ۔ (165) !!! برکاتُ الترتیل !!!

!!! برکاتُ الترتیل !!!

تنبیہ : وقف اگرچہ رسم خط کے تابع ہے لیکن جن کلمات کی رسم قراءت وروایت سے ثابت نہ ہو ان پر وقف بمطابق رسم جائز نہیں، جیسے قواریرا ۟ ثانی اور ان تبوء ا ۟ وغیرہ

Aur Keifiyat k lihaz sei

1) Muwafiq Rasm & Mukhalif Wasl
2) Mukhalif Rasm & Muwafiq Wasl

مخالفِ وصل، موافقِ رسم
موافقِ وصل، مخالفِ رسم

۳ مخالفِ وصل، موافقِ رسم

اس صورت کے بیان کرنے کی ضرورت ہے تاکہ کوئی پڑھنے والا حفص رحمہ اللہ کی روایت میں وقف موافقِ وصل نہ کرے۔ اسکے چند کلمات یہ ہیں:۔ لفظ لٰكِنَّا۠ سورۂ کہف: ۳۸ میں اور اَلظُّنُوْنَا۠، اَلرَّسُوْلَا۠، اَلسَّبِيْلَا۠ سورۂ احزاب میں اور پہلا قَوَارِيْرَا۠ سورۂ دہر میں اور لفظ اَنَا۠ (ضمیر مرفوع منفصل) تمام کلام اللہ میں۔ ان سب کے آخر کے الفات وصل میں نہیں پڑھے جاتے ہیں صرف وقف میں پڑھے جاویں گے۔ اور لفظ سَلٰسِلَا۠ جو سورۂ دہر میں ہے چونکہ اس میں بحالتِ وقف اثبات اور حذف دونوں جائز ہیں اس وجہ سے بصورتِ حذف، وقف "موافقِ وصل، مخالفِ رسم" والی صورت کے موافق بھی ہوگا۔

۴ موافقِ وصل، مخالفِ رسم

اس صورت کے بھی بیان کرنے کی ضرورت ہے۔ اس لیے کہ دیگر قاریوں کی طرح حفص رحمہ اللہ کے یہاں بھی بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان پر وقف موافقِ وصل مخالفِ رسم کے ہوتا ہے۔ اس قسم کے کلمات یہ ہیں :- ثَمُوْدَا اور اَنْ تَبُوْٓءَا اور لَنْ نَّدْعُوَا، لِتَتْلُوَا، لِيَبْلُوَا، لِيَرْبُوَا، نَبْلُوَا اور قَوَارِيْرَا ثانی سورہ دہر میں۔ ان سب کلمات کے آخر میں الفات رسماً ہیں، قراءۃً نہیں۔ اس وجہ سے ان کلمات پر نہ وقف تابع رسم خط ہے اور نہ وصلاً اثباتِ الف ہے۔ اسی طرح مثل تَتْلُوْا اور يُحْيِ وغیرہ۔ اس قسم کے کلمات میں جو حروف بوجہ تماثل غیر مرسوم ہیں، ان پر بھی وقف موافقِ وصل مخالفِ رسم ہوگا۔

لفظ اٰتٰنِيَ اللّٰهُ جو سورۂ نمل میں ہے، چونکہ اس میں بحالتِ وقف، حذف اور اثباتِ یاء دونوں جائز ہیں۔ اس وجہ سے بصورتِ حذف، وقف مخالفِ وصل مواقفِ رسم والی صورت کے بھی موافق ہے۔

Mukhalif e Rasm



CATEGORY 1:

Hint is mentioned in **MUSAHIF**

CATEGORY 2:

No Hint given in **MUSAHIF**

CATEGORY 3:

Hint given for one reciting way only of HAFS.
But no hint for
another allowed reciting style in Riwayat e Hafs.

Add pictures of Masahif
Title page, publisher number, details, etc.

DISCLAIMER: these notes are for simple musahifs.

- Simple (sada) **MUSAHIF** of Zia ul Quran Publications / Taj Company
- (Rangeen / tajvedi mei kch mazed hints diya hutay hai.

Category 1:

Hint is mentioned in **MUSHAF**

زائد الف

1

وہ کلمات جنہیں حالتِ وقف میں وقف کے تابع ہونے کی وجہ سے الف پڑھا جائے گا اور وصل میں نہیں پڑھا جائے گا۔

1 ..... مندرجہ ذیل چھ کلمات میں ''الف زائدہ'' وقف میں پڑھیں گے وصل میں نہیں پڑھیں گے۔

لٰكِنَّا (پ ۱۵، الکھف : ۳۸)	الظُّنُوْنَا۠ ⑩ (پ ۲۱، الاحزاب: ۱۰)
الرَّسُوْلَا۠ ⑯ (پ ۲۲، الاحزاب : ٦٦)	السَّبِيْلَا۠ ⑰ (پ ۲۲، الاحزاب: ٦٧)
قَوَارِيْرَا۠ ⑮ (پہلا) (پ ۲۹، الدھر: ۱۵)	اَنَا۠ (ہر جگہ)

وقف موافق رسم' مخالف وصل : یعنی وقف' رسم کے مطابق اور وصل کے مخالف ہو، ایسے سات کلمات جن میں وقف وصل کے خلاف اور رسم کے موافق ہوتا ہے۔ (۱) اَنَا واحد متکلم کی ضمیر (قرآن میں جہاں بھی آئے) (۲) لٰكِنَّا (کہف) (۳) اَلظُّنُوْنَا (احزاب) (۴) اَلرَّسُوْلَا (احزاب) (۵) اَلسَّبِيْلَا (احزاب) (۶) سَلٰسِلَا (دہر) (۷) پہلا قَوَارِيْرَا (دہر) ان کے آخر میں جو الف مرسوم ہے یہ صرف وقف میں پڑھا جائے گا، البتہ صرف سلٰسلا میں الف کے بغیر بھی وقف جائز ہے، اس صورت میں یہاں وقف موافق وصل مخالف رسم بھی ہوگا۔

Category 3:

سَلٰسِلَا۠

پ۲۹، سورۃ الدھر، ۴

زائد الف کو وقف میں پڑھنا یعنی ("سَلٰسِلَا") اور نہ پڑھنا (یعنی "سَلٰسِلْ°") دونوں جائز ہے۔ لیکن وصل میں نہیں پڑھیں گے۔

1

زائدالف

09 نوکلمات

!!! برکاتُ الترتیل !!!

وصل کے مطابق ہو، ایسے کل نوکلمات ہیں جن میں روایت حفص کے مطابق وقف وصل کے موافق اور رسم کے خلاف ہوگا۔(۱) اَوْ یَعْفُوَا (بقرہ) (۲) اَنْ تَبُوْءَا (مائدہ) (۳) لِتَتْلُوَا (احزاب) (۴) لَنْ نَّدْعُوَا (رعد) (۵) لِیَرْبُوَا (محمد) (۶) لِیَبْلُوَا (روم) (۷) وَنَبْلُوَا (محمد) (۸) دوسرا قَوَارِیْرَا (دہر) (۹) ثَمُوْدَا جوالف کے ساتھ مرسوم ہے، اور یہ صرف چار جگہ ہے (ہود، فرقان، عنکبوت، نجم) ان میں سے پہلے سات کلمات کو سب ہی نے بغیر الف کے پڑھا ہے، اس لیے ان میں سب ہی کے لیے وقف وصل کے موافق اور رسم کے خلاف ہوگا۔

(4)۔۔۔ان کلمات میں زائد الف کو وقف (یعنی رکنے کی صورت میں) اور وصل (یعنی ملا کر پڑھنے کی صورت میں) دونوں اعتبار سے نہیں پڑھیں گے۔

اَفَاْئِنْ مَّاتَ پ۴۔اٰل عمران۔۱۴۴	اَفَاْئِنْ مِّتَّ پ۱۷۔الانبیآء۔۳۴	لَاْاِلَی اللّٰہِ پ۴۔اٰل عمران۔۱۵۸	لَاْاِلَی الْجَحِیْمِ پ۲۳۔الصّٰفّٰت۔۶۸
لِشَاْیْءٍ پ۱۵۔الکھف۔۲۳	مَلَاْئِہٖ (ہر جگہ)	اَنْ تَبُوْءَاْ پ۶۔المائدۃ۔۲۹	وَلَاْاَوْضَعُوْا پ۱۰۔التوبۃ۔۴۷
لَاْاَذْبَحَنَّہٗ پ۱۹۔النمل۔۲۱	لَاْاَنْتُمْ پ۲۸۔الحشر۔۱۳	لِتَتْلُوَاْ پ۱۳۔الرعد۔۳۰	مِنْ نَّبَاْیٔ پ۷۔الانعام۔۳۴
وَمَلَاْئِہِمْ پ۱۱۔الیونس۔۸۳	ثَمُوْدَاْ پ۲۰۔العنکبوت۔۳۸/پ۱۲۔الھود۔۶۸ پ۱۹۔الفرقان۔۳۸/پ۲۷۔النجم۔۵۱	لَنْ نَّدْعُوَاْ پ۱۵۔الکھف۔۱۴	لِیَرْبُوَاْفِیْ پ۲۱۔الروم۔۳۹
لِیَبْلُوَاْ پ۲۶۔المحمد۔۴	وَنَبْلُوَاْ پ۲۶۔المحمد۔۳۱	قَوَارِیْرَاْ (دوسرا) پ۲۹۔الدھر۔۱۶	

4 ..... مندرجہ ذیل کلمات میں کوئی زائد الف نہیں ہے لہذا الف کو پڑھیں گے۔

اَنَامِلَ	اَنَاسِیَ	اَنَابُوْا	لِلْاَنَامِ	مَنْ اَنَابَ

زائد الف

وہ بعض مقامات جہاں الف وصل کی حالت میں نہیں پڑھا جاتا اور وقف کی حالت میں پڑھا جاتا ہے، یہ ہیں :

لفظ اَنَا[1] ضمیر مرفوع منفصل، جہاں کہیں بھی آئے ـــــ اور اسی طرح لٰکِنَّا[2] هُوَ اللّٰه جو سورہ کہف کے پانچویں رکوع میں ہے ـــــ اور سورۂ احزاب میں اَلظُّنُوْنَا، اَلرَّسُوْلاَ، اَلسَّبِيْلاَ ـــــ اور سورۂ دہر میں لفظ سَلاَسِلاَ اور اس کا پہلا قَوَارِيْرَا[3]۔ ان تمام لفظوں میں بحالت وصل الف نہیں پڑھا جاتا، اور حالت وقف میں پڑھا جاتا ہے۔ لیکن خاص طور سے سَلاَسِلاَ کو بحالت وقف، وصل کی مانند بغیر الف پڑھنا بھی مروی ہے مثل سَلاَسِلْ[1]۔

چند وہ مقامات جہاں الف وقفاً وصلاً کسی حالت میں نہیں پڑھا جاتا، یہ ہیں :

سورۂ بقرہ میں اَوْ يَعْفُوَا سورۂ مائدہ میں اَنْ تَبُوْٓاَ سورۂ رعد میں لِتَتْلُوَا، سورۂ کہف میں لَنْ نَّدْعُوَا، سورۂ روم میں لِيَرْبُوَا، سورۂ محمد میں لِيَبْلُوَا، نَبْلُوَا، اور سورۂ ہود و فرقان و عنکبوت و نجم میں ثَمُوْدَا، سورۂ دہر میں دوسرا قَوَارِيْرَا۔ ان الفاظ کے آخر کا الف کسی حال میں بھی نہیں پڑھا جائے گا۔

فائدہ : پانچ کلمات ایسے ہیں کہ جن میں لکھا ہوا تو لا ہے یعنی لام کے بعد الف ہے مگر پڑھنے میں الف نہیں آتا ان کی تفصیل یہ ہے : لَاْ اِلَى اللّٰهِ [آل عمران: ۱۵۸] لَاْ اَوْضَعُوْا [توبہ: ۴۷] اَوْ لَاْ اَذْبَحَنَّهٗ [نمل: ۲۱] لَاْ اِلَى الْجَحِيْمِ [صٰفّٰت: ۶۸] لَاْ اَنْتُمْ [حشر: ۲۳] پس ان کلمات میں اگر الف پڑھا جائے گا تو کلمہ بجائے مثبت کے منفی ہو جائے گا اور معنی بالکل بدل جائیں گے۔

'الف' نہ پڑھے جانے والے مقامات کا جدول

أَفَائِنْ مَّاتَ	سورہ آل عمران	پ۴	ع۶
لَا اِلَى اللّٰهِ	//	//	ع۸
اَنْ تَبُوْٓءَا	سورۂ مائدہ	پ۶	ع۹
مِنْ نَّبَاِئُ الْمُرْسَلِيْنَ	سورۂ انعام	پ۷	ع۱۳
لَا اَوْضَعُوْا	سورۂ توبہ	پ۱۰	ع۷
ثَمُوْدَا	سورۂ ہود، فرقان، عنکبوت، نجم		
لِتَتْلُوَا	سورۂ رعد	پ۱۳	ع۱۰
لَنْ نَّدْعُوَا	سورۂ کہف	پ۱۵	ع۱۴
لِشَايْءٍ	سورۂ کہف	پ۱۵	ع۱۶
لٰكِنَّا	سورۂ کہف	پ۱۵	ع۱۷
لَاَاذْبَحَنَّهٗ	سورۂ نمل	پ۱۹	ع۱۷
لَا اِلَى الْجَحِيْمِ	سورۂ صافات	پ۲۳	ع۶
وَ نَبْلُوَا	سورۂ محمد	پ۲۶	ع۸
لَاْ اَنْتُمْ	سورۂ حشر	پ۲۸	ع۵
سَلَاسِلَا	سورۂ دہر	پ۲۹	ع۱۹
قَوَارِيْرَا	سورۂ دہر	پ۲۹	ع۱۹
لِيَرْبُوَا	سورۂ روم	پ۲۱	ع۷
اَنَا	(ضمیر واحد متکلم منفصل) جہاں کہیں بھی آئے۔		

(۱) سَلٰسِلاَ حذف الف کے ساتھ وقف کرنے کی توجیہ یہ ہے کہ جس منصرف اسم پر تنوین نہ ہو قیاس کی رُو سے اس پر وقف الف کے بغیر سکون ہی سے ہوتا ہے، اس قاعدہ کی رو سے سلٰسلا پر وقف الف کے بغیر ہوگا، اور تنوین کا ترک اور وقفاً الف کا اثبات لاحق مجاور کی رعایت یعنی بعد والے کلمات اَغْلَالاً اور سَعِیْراً کی رعایت اور مناسبت سے ہے۔ اور ایک وجہ یہ بھی ہے کہ الف کے حذف و اثبات کی دونوں نوعوں کے جمع کرنے کے لیے ہے۔ یہ سب توجیہات ''نکات بعد الوقوع'' کے طور پر ہیں، اور ہر جگہ توجیہ میں اس مفہوم کو ذہن میں رکھنے سے کوئی اشکال پیدا نہیں ہوگا۔ اسی طرح پہلا قَوَارِیْرا فواصل میں سے ہے، اور اس سورہ کے تمام فواصل کے آخر میں الف ہے، اور روایت حفص میں یہ غیر منصرف ہے جیسا کہ ابھی گزرا، اس لیے اس پر حفص کے لیے تنوین کے ترک اور الف کے اثبات سے (رعایت سجع کا اعتبار کرتے ہوئے) وقف ہوگا، اور یہی عمدہ بھی ہے۔ (معلم الاداء فی الوقف والابتداء: ۸۴تا۸۶)

Mukhalif e Rasm (in both “wasl o waqf”)

لکھنے کی صورت	پڑھنے کی صورت	سورۃ آیت نمبر
لَاۤاِلَى اللّٰهِ	لِاِلَى اللّٰهِ	آلِ عمران 3/157
وَلَاۤاَوْضَعُوْا	وَلَاۤوْضَعُوْا	توبہ 9/47
لَاۤاَذْبَحَنَّهٗ	لَاَذْبَحَنَّهٗ	نمل 27/21 نحل
لَاۤاِلَى الْجَحِيْمِ	لِاِلَى الْجَحِيْمِ	والصافات 38/28
اَفَاۡئِنْ	اَفَـئِنْ	اٰلِ عمران 3/144
مَلَاۡئِهٖ	مَلَـئِهٖ	جس جگہ بھی ہو
مَلَاۡئِهِمْ	مَلَـئِهِمْ	یونس 10/43
لِشَاْیءٍ	لِشَـیْءٍ	کہف 18/23
مِنْ نَّبَاٴٍ	مِنْ نَّبَـئٍ	انعام 7/37
وَجَایٓءَ	وَجِـیْٓءَ	فجر 89/23
مِاْئَةٌ	مِـئَةٌ	جس جگہ بھی ہو
مِاْئَتَيْنِ	مِـئَتَيْنِ	جس جگہ بھی ہو

لکھنے کی صورت	پڑھنے کی صورت	سورۃ آیت نمبر
اَوْیَعْفُوْا	اَوْیَعْفُوَ	بقرہ 2/237
اَنْ تَبُوْٓءَا	اَنْ تَبُوْٓءَ	مائدہ 5/29
لِتَتْلُوْا	لِتَتْلُوَ	رعد 13/30
لَنْ نَّدْعُوَا	لَنْ نَّدْعُوَ	کہف 18/14
لِيَرْبُوْا	لِيَرْبُوَ	روم 30/39
لِيَبْلُوَا	لِيَبْلُوَ	محمد 47/4
نَبْلُوَا	نَبْلُوَ	محمد 47/31
ثَمُوْدَا	ثَمُوْدَ	چار جگہ ہود، فرقان عنکبوت نجم
قَوَارِيْرَا (دوسرا)	قَوَارِيْرَ	دھر 76/15
لَاۤاَنْتُمْ	لَاۤاَنْتُمْ	الحشر 59/13

زائد الف

Mukhalif e Rasm for Wasl only

قرآن کریم میں ایسے سات کلمات ہیں جن کے آخر میں لکھا ہُوا الف وصل میں نہیں پڑھا جاتا مگر وقف میں پڑھا جاتا ہے

اَنَا	جہاں کہیں بھی ہو	الرَّسُوْلَا	احزاب 33/66
لٰكِنَّا	کہف 18/38	السَّبِيْلَا	احزاب 33/47
اَلظُّنُوْنَا	احزاب 33/10	سَلَاسِلَا	دھر 76/4
		پہلا قَوَارِيْرَا	دھر 76/15

نوٹ: اَنَامِلَ - اَنَاسِيَّ - اَنَابَ - اَنَادُوْا

لِلْاَنَامِ میں الف ہمیشہ پڑھا جائے گا

REPEATED SLIDE
As, the data presentation was good but source is non-sunni.

(۱) بصریین کے نزدیک اَنَـــا اصل میں اَنَ یعنی بغیر الف کے ہمزہ اور نون سے ہے، اور الف اس کو قوی کرنے کے لیے زیادہ کر دیا گیا ہے۔ یا وقفاً نون کی حرکت ظاہر کرنے اور اسے باقی رکھنے کے لیے ہے۔ اور وصلاً الف کا حذف اصل کی بنا پر ہے.....اور کوفیین کی رائے پر اَنَـــا ضمیر تینوں حروف کا مجموعہ ہے۔ یعنی ان کے نزدیک کلمہ کی بنا اسی طرح ہے، پس ان کے نزدیک وقفاً الف کا اثبات اصل کی بنا پر ہے، اور وصل کی صورت میں الف کا حذف تخفیف کی غرض سے۔

(۲) لٰکِنَّا اصل میں لٰکِنْ عاطفہ اور اَنَا واحد متکلم کی ضمیر سے مرکب ہے، ہمزہ کی حرکت نقل کر کے پہلے نون کو دے دی، اور ہمزہ کو حذف کر دیا گیا۔ اب لٰکِنْ نَا میں مثلین جمع ہو گئے اس لیے اول کو ساکن کر کے ثانی میں ادغام کر دیا لٰکِنَّـا ہو گیا، پس وصل میں الف کا حذف اصل کی بنا پر ہے، جیسا کہ ابھی اَنَا کی لفظی تحقیق کے بارے میں گزرا۔

(۳) الظنونا، الرسولا، السبیلا ان تینوں کلمات کے شروع میں اَلْ تعریف کا ہے، اس لیے ان کے آخر میں تنوین نہیں آسکتی، اور ان کے آخر میں جو الف ہے وہ سابق مجاور اور لاحق مجاور یعنی پہلے اور بعد والے فواصل کی رعایت کی بنا پر عماد کا الف ہے۔

نام کتاب : ضیاء القرات
مصنف : امام القراء حضرت شیخ قاری مقری ضیاء الدین احمد صاحب الہ آباد
نام تعلیق وتحشیہ : ایضاح القرات
محشی : فاضل قرات سبعہ حضرت قاری مقری شکیل احمد صاحب نوری نصروی پیلی بھیت
بحسن سعی : فخر العلماء حضرت علامہ حفیظ الرحمٰن صاحب قبلہ ناظم اعلیٰ سلطان اہند ورضاء دار العلوم بھیلواڑہ

روایت میں فقط ایسے [illegible]

۴ کیوں کہ وقف رسم خط کے تابع ہوتا ہے۔اس لئے بالالف وقف ہوگا۔اور وصل میں قراۃ ثابت نہ ہونے کی وجہ سے ان کلمات کے الفات نہیں پڑھے جائیں گے اور یادرکھو کہ الظُّنونا، الرَّسُولَا، السَّبیلا میں الفات کی زیادتی کی وجہ فواصل کی رعایت ہے یعنی تینوں کلمات روس آیات پر واقع ہیں اور سَلَاسِلَا ودونوں قواديرا میں الف کی زیادتی کی وجہ شمول قرأت ہے اور انا ضمیر میں الف کی زیادتی کی وجہ یہ ہے تاکہ ان مخففہ اوران ناصبہ سے آنا ضمیر کو امتیاز حاصل ہوجائے اور لفظ اَنا سے مراد ضمیر مرفوع منفصل ہے پس اس سے اَناب انابوا اَناسی کے مثل کلمات نکل گئے اور لٰكِنَّا هو الله چوں کہ لٰكن آنا ہے بغرض تخفیف اس کو لکنّا کردیا گیا ہے مزید تفصیل کتب فن رسم میں دیکھو۔۱۲

۵ یعنی سَلَاسِلَا میں وقف کی دوسری وجہ روایت حفص علیہ الرحمہ میں حذف الف مع سکون لام سلاسل بھی ہے وصل کی اتباع کرتے ہوئے ۱۲ر

۶ کیوں ثانی رأس آیت پر نہیں ہے اس لئے اتباعاً للاصل الف کسی میں نہیں پڑھا جائے گا۔اور چونکہ قواديرا اول رأس آیت پر واقع ہے۔اس لئے اتباعاً لرسم الف پر وقف کیا گیا تاکہ ساری آیات کا وقف ایک جیسا ہوجائے اور ہم وزن معلوم ہوں کذا فی کتب الرسم ۱۲

قرآن پاک کے کچھ کلمات میں ص لکھا ہوتا ہے اور اس پر چھوٹا س بھی لکھا ہوتا ہے ان کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے:

یَبۡصُطُ	بَصۡطَةً	اَمۡ هُمُ الۡمُصَيۡطِرُوۡنَ	بِمُصَيۡطِرٍ
پ۲، البقرة، ۲۴۵	پ۸، الاعراف، ۶۹	پ۲۷، الطور، ۳۷	پ۳۰، الغاشية، ۲۲
س	س	س، ص	ص

فائدہ : قرآن پاک کے اندر چار لفظ ایسے ہیں کہ لکھے تو جاتے ہیں صاد سے اور اس کے اوپر چھوٹی سی سین بھی لکھی ہوتی ہے، مگر اس کے پڑھنے کا قاعدہ یہ ہے سورۂ بقرہ میں لفظ **يَبۡصُطُ**، سورۂ اعراف میں لفظ **بَصۡطَةً** ان دونوں جگہوں میں بجائے صاد کے سین ہی پڑھنا چاہیے۔ تیسرا سورۂ طور میں، **اَمۡ هُمُ الۡمُصَيۡطِرُوۡنَ** اس میں اختیار ہے چاہے سین سے پڑھے یا صاد سے۔ چوتھا سورۂ غاشیہ میں **بِمُصَيۡطِرٍ** اس میں صاد ہی پڑھنا چاہیے۔ گو کہ اس کے اوپر سین مرسوم ہوتی ہے۔

Category 3:

لیکن بطریق جزری: مذکورہ چاروں کلمات میں (س اور ص) دونوں پڑھ سکتے ہیں۔

بعض ایسے کلمات آتے ہیں جن میں الف معروف کی پکی تختی کا الف ہے۔ لیکن اس کے باوجود بھی وہ الف پڑھا نہیں جاتا ان میں ایک تو الفاتِ زائدہ ہیں جن کی تفصیل پہلے بیان ہو چکی ہے اور دوسرا یہ الف ہے جو نون قطنی سے پہلے آیا ہے۔

مثالیں:

مُنِیْبِ نِ ادْخُلُوْهَا
مُرْنِیْ بِ نِدْخُ لُوْهَا
مُبِیْنِ نِ اقْتُلُوا
مُرْبِیْ نِ نِقْ تُ لُوْ

نام کتاب	:	گلزارِ تجوید و قرأت
مصنف	:	قاری گلزار احمد مدنی
ٹائٹل	:	محمد طارق اعظم
کمپوزنگ	:	رحمٰن گرافکس
ناشر	:	فیضان مدینہ قرأت اکیڈمی اسلام آباد
پرنٹر	:	سگما پرنٹنگ پریس، اسلام آباد

حروفِ علّت کے محذوف اور اثبات کی مثالیں:۔

4

(۱) حروفِ علّت جب کلمہ کے آخر میں مرسوم یعنی لکھا ہوا ہو تو وقف میں پڑھا جائے گا جیسے وَاسْتَبَقَا۔ وَاَقِيْمُوْا۔ وَلَاتَسْقِيْ۔ اور وصل میں اجتماع ساکنین علیٰ غَيْرِ حَدِّهٖ کی وجہ سے حذف ہوجاتا ہے جیسے وَاسْتَبَقَا الْبَابَ۔ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ۔ وَلَاتَسْقِ الْحَرْثَ۔


2938
وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا (القرآن)
مُقَدِّمَةُ التَّجْوِيْد
مؤلف
اَبُوعَطَاالْمُصْطَفٰے قاری محمد یوسف صدیقی
ناشر
اُمّہ پبلی کیشنز
۱۹۔ ایبٹ روڈ، مقابل ٹی وی اسٹیشن۔ لاہور
فیکس: ۶۳۶۴۱۵۷ فون: ۶۳۶۸۳۶۳
نام کتاب ـــــ مقدمۃ التجوید
مؤلف ـــــ ابوعطاالمصطفٰے قاری محمد یوسف صدیقی
تیسواں ایڈیشن ـــــ جولائی ۲۰۰۱ء
تعداد ـــــ گیارہ سو
اہتمام ـــــ صاحبزادہ قاری جمیل احمد
عطاءالمصطفٰے (مدنی) صدیقی
ناشر ـــــ امہ پبلی کیشنز
قیمت ـــــ ۴۵ روپے

5

(۲) اگر حرف علت غیر مرسوم یعنی لکھا ہوا نہ ہو تو وقف میں بھی محذوف ہوگا۔ خواہ اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے ہو یا تخفیف رسم کی وجہ سے۔

الف محذوف کی مثالیں:۔

(۱) اَیُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ سورۂ نور ع۴ اصل میں اَیُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ تھا۔

(۲) اَیُّهَ السّٰحِرُ سورۂ زخرف ع۵ " " اَیُّهَا السّٰحِرُ"

(۳) اَیُّهَ الثَّقَلٰنِ سورۂ رحمٰن ع۲ " " اَیُّهَا الثَّقَلٰنِ"

ان تینوں میں الف حالتِ وقف میں بھی نہیں پڑھا جائے گا اسی طرح وَلَمْ یُؤْتَ اور وَلَا یَاْبَ میں بھی الف محذوف ہے۔
